سوال

(321) کیا اس طرح کہنے سے نکاح میں کچھ فتور آیا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے اپنے شوہر سے مذاق میں کہا کہ آپ ایک دوسری عورت کرلیں۔ شوہر نے بھی مذاق میں جواباً کہا۔ کہ تم بھی ایک دوسرا مرد (شوہر) کرلو۔ کیا اس طرح کہنے سے نکاح میں کچھ فتور آیا۔ یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ سوال الفاظ کہنے سے بحکم اقتضاء النص طلاق ہوجائے گی۔ کیونکہ حدیث شریف میں آیا ہے۔ ثلث جدھن جدو ہزلھن جد

(یعنی طلاق مسخری سے کہے تو واقع ہوجاتی ہے)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 318

محدث فتویٰ